© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**TOWARDS UNDER-**
**-STANDING QURAN**

انگریزی ترجمہ تفہیم القرآن (مع تشریحی نوٹس) از جناب ظفر اسحاق انصاری، جلد ۲ (سورۃ ۴ تا ۶) - ناشر: دی اسلامک فاؤنڈیشن، پبلیکیشن یونٹ - یونٹ نمبر ۹ - دی اولڈ ڈنلپ فیکٹری، ۶۲، ایونگٹن ویلی روڈ (EVINGTON VALLEY ROAD) لائسسٹر LES 5LJ - انگلینڈ -

اعلیٰ ٹائپ، خوب صورت متوسط کاغذ، طباعت شاندار، دبیز سرورق آئینہ دار فن، صفحات: ۳۵۹ - قیمت اللہ ہی جانتے!

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نقشہ گرِ فکر و تحریکِ اسلامی کی اعلیٰ ترین علمی خدمت تفہیم القرآن کا ایک مکمل انگریزی ترجمہ از فدائے تحریک چوہدری محمد اکبر مرحوم و جناب انور کمال مارکیٹ میں موجود ہے۔ گو وہ سادہ و دل نشیں ترجمہ بڑی محنت سے کیا گیا ہے اور مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے مشورے اس میں شامل رہے ہیں۔ مگر مغرب کے انگریزی اہلِ زبان اور یہاں کے اعلیٰ انگریزی خوان طبقوں کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر جناب ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری نے (جو دینی اور جدید علوم سے اچھی طرح مستفید ہو چکے ہیں) اس نئے ترجمے کا آغاز کیا - نہایت مناسب سائز پر (صفحہ = ۶" × ۹½") دو جلدیں آچکی ہیں جو ۶ سیپاروں پر مشتمل ہیں۔ کتاب کا تعارف ہم جلد اوّل کے آنے پر کرا چکے ہیں - مترجم نے محنت و کاوش سے کام کیا ہے۔ آخر میں ایک ضمیمہ موضوعات ہے اور دوسرا اعلام و اماکن کا عام انڈکس -

© rasailojaraid.com